تعارف و تبصرہ کتب

علم حدیث میں پاک و ہند کا حصہ	ڈاکٹر محمد اسحٰق سابق پروفیسر ڈھاکہ یونیورسٹی
ترجمہ	جناب شاہد حسین رزاقی
صفحات	۳۰۸
قیمت	۱۶ روپے
پتہ	ادارہ ثقافت اسلامیہ کلب روڈ لاہور

"کنٹری بیوشن آف انڈیا ٹو دی اسٹڈی آف حدیث لٹریچر" کا یہ اردو ترجمہ ہے۔ جو جناب شاہد حسین رزاقی نے کیا ہے۔ پی۔ ایچ۔ ڈی کی ڈگری حاصل کرنے کے لئے ڈاکٹر محمد اسحٰق صاحب سابق پروفیسر عربی و اسلامیات ڈھاکہ یونیورسٹی نے برعظیم پاک و ہند میں علم حدیث کی آمد اور پھر مختلف ادوار میں علمائے ہند نے اس پر جو کام کیا ہے۔ اس پر اپنا ایک تحقیقی اور تاریخی جائزہ پیش کیا ہے۔

اس سے پہلے ادارہ ثقافتِ اسلامیہ علم و فقہ پر بھی اسی طرح کی ایک اور کتاب پیش کر چکا ہے۔ اس کے مرتب اور لکھنے والے بھی "محمد اسحٰق" ہی ہیں۔ صرف اس فرق کے ساتھ کہ "علم حدیث میں پاک و ہند کا حصہ" کے مؤلف کے نام کے ساتھ ڈاکٹر لگتا ہے اور برصغیر پاک و ہند میں علم فقہ کے مصنف کے نام کے ساتھ "مولانا لگتا ہے" مولانا اسحٰق کی کتاب "برصغیر پاک و ہند میں علم فقہ" میں ایک اضافہ یہ بھی ہے۔ کہ مؤلف موصوف نے فقہائے کرام کے تذکار میں ان کے فقہی نکات اور فتاویٰ بھی پیش کئے ہیں۔ اگر ڈاکٹر محمد اسحٰق صاحب بھی اپنی کتاب "علم حدیث میں پاک و ہند کا حصہ" میں محدثانہ نکات کا بھی ممکن حد تک التزام فرماتے تو سونے پر سہاگہ ہوتا۔ ہاں بعض اخلاقی اقدار اور اتباع سنن کے سلسلے کی کچھ باتیں کہیں کہیں ملتی ہیں۔ ایں ہم غنیمت است!

دونوں اہل قلم ہیں اور دونوں ہی نے ایک اچھوتے عنوان کا انتخاب کیا ہے۔ اور پھر اس کا حق ادا کر دیا ہے۔

اس کتاب کے دو حصے ہیں، پہلے حصے میں پانچ باب اور متعدد فصلیں ہیں۔ دوسرے حصے میں تین باب